30 جولائی 2018

سٹی آف برامپٹن میں سِوک ہالیڈے

سِوک ہالیڈے کے موقع پر برامپٹن سٹی ہال بروز پیر، مورخہ 6 اگست کو بند رہے گا۔ شہر کی بہت سی خدمات دستیاب نہیں ہوں گی یا معمول سے کم کی سطح پر کام کریں گی۔ شہری اس وقت کے دوران شادی کے لائسنسوں، غلط پارکنگ پر جرمانے بھرنے اور پرمٹس کے لیے خود تشریف لا کر درخواستیں نہیں دے سکیں گے۔ آن لائن انتخابات کے لیے، برائے مہربانی www.brampton.ca ملاحظہ کریں۔

کئی خدمات معمول کے مطابق اپنا کام کرنا جاری رکھیں گی، بشمول: فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز اور بائی لاء انفورسمنٹ۔ سٹی آف برامپٹن کی سروسز میں ردوبدل اور بندش کے متعلق مزید معلومات کے لیے، برائے مہربانی 311 پر کال کریں یا www.brampton.ca ملاحظہ کریں۔

سِورک ہالیڈے ویکینڈ کے موقع پر برامپٹن ٹرانزٹ کا شیڈول:

- جمعہ، 3 اگست: ویک ڈے کی ریگولر سروس
- ہفتہ، 4 اگست: ہفتہ کے دن کی ریگولر سروس
- اتوار، 5 اگست: اتوار کے دن کی ریگولر سروس
- پیر، 6 اگست: اتوار/چھٹی کی سروس

ٹرانزٹ اسٹور بروز پیر، مورخہ 6 اگست کو بند رہیں گے۔

راستوں اور شیڈول کی معلومات کے لیے 905.874.2999 پر کال کریں یا www.bramptontransit.com ملاحظہ کریں اور بسوں کے متعلق براہ راست معلومات کے لیے اپنے موبائل سے www.nextride.brampton.ca پر جائیں۔

پارکس اور تفریحی
سِوک ہالیڈے ویکینڈ کے موقع پر زیادہ تر تفریحی سہولت گاہیں کھلی رہیں گی۔ پروگرام کے شیڈول کی تصدیق کے لیے، برائے مہربانی اپنے مقامی تفریحی مرکز میں فون کریں، 311 پر کال کریں یا www.brampton.ca ملاحظہ فرمائیں۔

شہر کا ریکریئیشن ایڈمنسٹریشن آفس بروز پیر، مورخہ 6 اگست کو بند رہے گا۔

برامپٹن لائبریری
بروز پیر، مورخہ 6 اگست کو برامپٹن میں لائبریریوں کی تمام شاخیں (سوک سنٹر میں موجود چنگواکوسی، سائرل کلارک، فور کارنرز، گور میڈوز، ماؤنٹ پلیزینٹ ویلج، اسپرنگ ڈیل اور ساؤتھ فلیچرز) بند رہیں گی۔
مزید معلومات کے لیے 905.793.4636 یا 311 پر کال کریں یا www.bramptonlibrary.ca ملاحظہ فرمائیں۔

آتش بازی کی سیفٹی
سِوک ہالیڈے کے موقع پر سٹی آف برامپٹن کی جانب سے آتش بازی کے کسی قسم کے مظاہروں کا اہتمام نہیں کیا گیا۔
سِوک ہالیڈے سال کے ان چار دنوں میں شامل نہیں ہے جن کے دوران سٹی آف برامپٹن میں ذاتی آتش بازیاں چلانے کی اجازت ہوتی ہے۔
مزید معلومات کے لیے، 311 پر کال کریں یا www.brampton.ca/bylaws ملاحظہ کریں۔

brampton.ca BRAMPTON Flower City

Service and Information Update